ٹاؤن میونسپل کارپوریشن گڈاپ کے وائس چیئرمین جام محمد جوکھیو گڈاپ ٹاؤن آفس میں تقریب جشن آزادی پر پرچم کشائی اور کیک کٹنگ کے موقع پر ان کے ہمراہ اراکین کونسل وافسران بھی موجود ہیں

پاکستان کی تعمیر کرنا ہے

اسکو ہمیشہ سربلند رکھنا ہے

ٹاؤن میونسپل کارپوریشن گڈاپ

محکمہ اطلاعات وتعلقات عامہ

تاریخ **14/08/2024**

حوالہ نمبر **TMC/G/INF/066/24**

ٹاؤن میونسپل کارپوریشن گڈاپ آفس میں جشن آزادی کے سلسلے میں پرچم کشائی کی مرکزی تقریب ہوئی وائس چیئرمین جام محمد جوکھیو اراکین کونسل اور اعلی افسران نے تقریب کا آغاز پرچم کشائی اور پاکستان کی سلامتی کی خصوصی دعا سے کیا گیا اس کے بعد جشن آزادی کی سالگرہ کا کیک کاٹا گیا، ٹاؤن میونسپل کارپوریشن گڈاپ کے چیئرمین طارق عزیز بلوچ نے اپنے پیغام میں کہا کہ 77 سالہ جشن آزادی کے تاریخی دن کے موقع پر میں پوری قوم کو دل کی گہرائیوں سے مبارکباد پیش کرتا ہوں آج کا دن بھرپور جوش وخروش سے منایا جارہا ہے ہم قائد اعظم اوران کے ساتھیوں کو خراج تحسین پیش کرتے ہیں جن کی قربانیوں کی وجہ سے یہ آزادی نصیب ہوئی پاکستان پیپلز پارٹی کے منشور اور وژن کے مطابق عوام کی خدمت خلوص نیت سے کرتے رہے گئے یومِ آزادی کے موقع پر میں اپنی مسلح افواج کا بھی شکریہ ادا کرتا ہوں جو ہماری سرحدوں اور خودمختاری کی حفاظت کرتے ہیں وائس چیئرمین جام محمد جوکھیو نے کہا کہ 77 ویں یوم آزادی کے موقع پر عوام کو مبارکباد پیش کرتا ہوں یہ دن ہمارے آباؤاجداد کی قربانیوں کی یاد دلاتا ہے آج سے ہم عہد کرتے ہیں کہ اس وطن عزیز کو ترقی یافتہ بنانے کے لیے تمام تر صلاحیتیں بروئے کار لائے گئے، اس موقع پر میونسپل کمشنر احمد یار، افسر مالیات افتخار احمد دایو، ڈائریکٹر HRM حاجی شریف شیخ، پارلیمانی لیڈر میر عباس ٹالپور، کونسل ممبر امن دین جوکھیو، کونسل ممبر دانش برفت، کونسل ممبر سنی مسیح، لیڈی کونسل ممبر ثمینہ زرداری، انچارج اینٹی انکروچمنٹ سیل سہیل یار خان، ڈائریکٹر ایڈورٹائزمنٹ ہدایت اللہ شیخ، ڈائریکٹر انفارمیشن رضوان صابر، لاء آفسر سہیل قاضی، سپرنٹنڈنٹ انجینئر (ایم اینڈ ڈی) نور علی جمالی، ڈپٹی ڈائریکٹر HRM سرفراز احمد کھتری، اسسٹنٹ ڈائریکٹر ٹیکس ظفر حمید بلوچ، چیئرمین پی ایس لال جان نبی، پی ایس وائس چیئرمین جہانزیب جوکھیو ودیگر بھی موجود تھے۔

جاری کردہ

ڈائریکٹر انفارمیشن

رضوان صابر

ٹاؤن میونسپل کارپوریشن گڈاپ